NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

تہواروں کے موسم میں فنون کا جشن منانا

عزیزی نیویارک کے مکین،

ہم تہواروں کے موسم کے وسط میں ہیں۔ بہت لوگوں کے لیے، یہ سال کا بہترین مہینہ ہے، گرم جوشی، خوشیوں اور تقریب سے بھرا ہوا۔ دیگر کے لیے، یہ خاص طور پر ایک مشکل وقت ہے، ہمیں ان کی یاد دلاتا ہے جو اب ہم میں نہیں رہے یا دیگر مشکلات کا۔ اس سے قطع نظر، کہ یہ موسم آپ کے لیے کیا معنی رکھتا ہے، میں امید کرتا ہوں کہ آپ کو یہاں نیویارک شہر پبلک اسکولوز میں ایک برادری اور معاونت کا احساس ملے گا۔

ہمارے اسکولوں میں برادری کی تعمیر کرنے کے بہترین طریقوں میں سے ایک فنون کے ذریعے ہے۔ جب طلبا کو اظہار کرنے اور تخلیق کرنے کا ایک موقع دیا جاتا ہے، یہ اپنی ذات سے بڑی چیز کا حصہ بن جاتے ہیں۔

ان چند آخری ہفتوں میں، میں خوش قسمت ہوں کہ مجھے ہمارے کئی اسکولوں میں آرٹس ان ایکشن دیکھنے کو ملا، تہواروں کی تقاریب سے لے کر سال کے آخر کے جشن تک۔ میں نے حال ہی میں Frank Sinatra School of the Arts کے بانی، Tony Bennett کو خراجِ تحسین پیش کرنے کی ایک غیر معمولی تقریب میں شرکت کی، جس میں طلبا اور ایلومنائی نے اس معروف گلوکار کی موسیقی پر گانے گائے، رقص کیا اور اداکاری کی۔ میں نے ریڈیو سٹی میوزک ہال کا بھی دورہ کیا، جہاں DeWitt Clinton ہائی اسکول نے Rockettes کے لیے شو کا آغاز کیا! ہمارے طلبا کی صلاحیتیں کسی سے کم نہیں ہیں۔

یہ بھی میری خوش قسمتی ہے کہ طالب علم کے آرٹ ورک روزانہ دیکھنے کو ملتا ہے۔ Tweed Courthouse میں ہمارے مرکزی دفتر میں آج کل تمام پانچوں بروز کے طلبا کی 122 پینٹنگس اور مجسمے رکھے ہوئے ہیں، جنہیں ہماری سالانہ P.S آرٹس نمائش میں جمع کروائے گئے 1,200 (فن پاروں) میں سے منتخب کیا گیا تھا۔ Tweed میں منتقل کرنے سے قبل، ان کامیاب ہونے والے فن پاروں کی نمائش میٹرو پولیٹن میوزیم آف آرٹس میں کی گئی تھی! اگلے سال کے مقابلے کی آخری تاریخ 2 فروری ہے — اساتذہ اپنے طلبا کے فن پاروں کو یہاں جمع کرا سکتے ہیں۔

میں آپ کو ہمارے اسکولوں میں آرٹس کی تازہ ترین رپورٹس کا مطالعہ کرنے اور اس کے علاوہ ہماری ویب سائٹ پر کی جانے والی مزید فنکارانہ پیشکشیں دیکھنے کی دعوت دیتا ہوں۔ اب جبکہ گرمیاں اب بھی مہینوں دور ہیں، اگلی خزاں میں 12-8 گریڈز میں داخل ہونے والے طلبا کے لیے ہمارے چار ہفتے والے سمر آرٹس انسٹیٹوٹ کے لیے درخواستیں کھلی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے یہاں جائیں اور 11 فروری تک درخواست دیں۔

جیسے جیسے ہم نئے سال کے قریب آتے جا رہے ہیں، میں اپنے تمام طلبا، عملے اور خاندانوں کے لیے بہترین خواہشات کا متمنی ہوں۔ اگلا PS + You آپ کے اِن باکسس میں 2024 میں آئے گا۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube page پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔